21179 ـ کلمہ پوکیمون کا معنی

سوال

ہوسکتا ہے آپ کے پاس پوکیمون کا ترجمہ پہنچ چکا ہو ، لیکن میں اس ترجمہ کے بارہ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ ترجمہ صحیح ہے ، اس لیے کہ آپ کی کیسٹ جوپوکیمون کے بارہ میں ہے اس میں بھی اس کا ترجمہ ذکر نہیں کیا گیا ، اورنہ ہی کبارعلماء کرام کے فتوی میں اس کا ترجمہ ذکر ہے ، توہم آپ سے اس ترجمہ کی صحت معلوم کرنا چاہتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہم نے بھی اس کلمہ کے ترجمہ میں بہت سے اقوال سنے ہیں ، جوکہ لگتا ہے کہ بعض لوگوں کا مبالغہ ہے یا پھر کمپنیوں کے مقابلہ کی وجہ سے ہے ۔

اورصحیح بات یہ ہے کہ یہ جاپانی پیداوارکے ایک آلے کا نام ہے جوکہ پاکٹ مونسٹر (Poket monster) کے نام سے ہے جس کا معنی پاکپ سائزعجیب الخلقت جانورہے اوران دونوں کلموں کا مختصر پوکیمون ہے ۔

واللہ اعلم .